4625CH26

سبق 26

ہمارا وطن

یہ ہندوستاں ہے ہمارا وطن
محبت کی آنکھوں کا تارا وطن
ہمارا وطن دل سے پیارا وطن

وہ اس کے درختوں کی تیاریاں
وہ پھل پھُول پودے وہ پُھلواریاں
ہمارا وطن دل سے پیارا وطن

ہوا میں درختوں کا وہ جھُومنا
وہ پتّوں کا ، پھولوں کا منہ چُومنا
ہمارا وطن دل سے پیارا وطن

وہ ساون میں کالی گھٹا کی بَہار
وہ برسات کی ہلکی ہلکی پھُوار
ہمارا وطن دل سے پیارا وطن

© NCERT not to be republished



وہ باغوں میں کوئل ، وہ جنگل میں مور
وہ گنگا کی لہریں ، وہ جمنا کا زور
ہمارا وطن دل سے پیارا وطن
اِسی سے ہے اس زندگی کی بَہار
وطن کی محبت ہو یا ماں کا پیار
ہمارا وطن دل سے پیارا وطن

(چکبستؔ)

© NCERT not to be republished

مشق

1. پڑھیے اور سمجھیے:

وطن	:	ملک
آنکھوں کا تارا	:	بہت پیارا، چہیتا
پھوار	:	ہلکی بارش



2. سوچیے اور بتائیے:

1. وطن کو آنکھوں کا تارا کیوں کہا گیا ہے؟
2. اس نظم میں ہندوستان کی کن خوبیوں کا ذکر کیا گیا ہے؟
3. اس نظم میں شاعر نے کن ندیوں کا ذکر کیا ہے؟
4. زندگی کی بہار کس چیز سے ہے؟

3. نیچے دی ہوئی خالی جگہوں کو بھریے:

1. یہ .... ہے ہمارا وطن
2. وہ اس کے...................... کی تیاریاں
3. وہ پتوں کا پھولوں کا منہ ....
4. وہ ساون میں کالی...................... کی بہار
5. وہ گنگا کی .... وہ جمنا کا زور

4. حصّہ 'الف' اور 'ب' کو نظم کے مطابق ملا کر شعر بنائیے:

الف	ب
وہ باغوں میں کوئل وہ جنگل میں مور	وطن کی محبت ہو یا ماں کا پیار
اسی سے ہے اس زندگی کی بہار	وہ گنگا کی لہریں وہ جمنا کا زور
ہوا میں درختوں کا وہ جھومنا	وہ برسات کی ہلکی ہلکی پھوارا
وہ ساون کی کالی گھٹا کی بہار	وہ پتوں کا پھولوں کا منہ چومنا



5. پڑھیے، سمجھیے اور لکھیے:

اس نظم میں تارا، درختوں، پھل، پھول، پھلواریاں، باغوں، جنگل، لہریں، وغیرہ الفاظ استعمال ہوئے ہیں۔ ان میں کچھ لفظوں سے کسی چیز کے تعداد میں ایک ہونے کا علم ہو رہا ہے اور کچھ لفظوں سے تعداد میں ایک سے زیادہ ہونے کا علم ہو رہا ہے۔ یعنی کوئی چیز اگر تعداد میں ایک ہو تو اسے واحد کہتے ہیں اور دو یا دو سے زیادہ ہو تو اسے جمع کہتے ہیں۔ اس تعریف کی روشنی میں واحد اور جمع کی پانچ پانچ مثالیں آپ بھی لکھیے۔

6. خوش خط لکھیے:

ہندوستان	....	....	....	....	....
پھلواری	....	....	....	....	....
گھٹا	....	....	....	....	....
گنگا	....	....	....	....	....
بَہار	....	....	....	....	....

7. اس نظم کو یاد کیجیے اور اپنے اسکول کے سالانہ جلسے میں پیش کیجیے:

© NCERT not to be republished

تدریسی اشارے:

☜ اساتذہ سے گزارش ہے کہ واحد سے جمع بنانے کے دوسرے قاعدے بھی طالب علموں کو بتائیں۔